NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION, PROFESSIONAL TRAINING, NATIONAL HERITAGE AND CULTURE ON THE EMPLOYMENT OF THE UNATTENDED YOUTH BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture have the honor to present this report on the Bill to provide the identity, rehabilitation and employment to the unattended youth for their secure future and for matters connected therewith and incidental thereto [The Employment of the Unattended Youth Bill, 2021] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 10th March, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

1.	**Mian Najeeb Ud Din Awaisi**	**Chairman**
2.	Mr. Ali Nawaz Awan	Member
3.	Mr. Sadaqat Ali Khan	Member
4.	Ms. Javairia Zafar Aheer	Member
5.	Mr. Umar Aslam Khan	Member
6.	Mr. Muhammad Farooq Azam Malik	Member
7.	Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak	Member
8.	Ms. Andleeb Abbas	Member
9.	Ms. Ghazala Saifi	Member
10.	Ms. Asma Qadeer	Member
11.	Ms. Tashfeen Safdar	Member
12.	Mrs. Farukh Khan	Member
13.	Ms. Mehnaz Akber Aziz	Member
14.	Ch. Muhammad Hamid Hameed	Member
15.	Ms. Kiran Imran Dar	Member
16.	Ms. Musarrat Asif Khawaja	Member
17.	Mr. Abid Hussain Bhayo	Member
18.	Ms. Mussarat Rafiq Mahesar	Member
19.	Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro	Member
20.	Mr. Asmatullah	Member
21.	Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annexure-'A'**, in its meetings held on 11-01-2021, 01-07-2021 and recommends that the Bill may be passed by the National Assembly.

Sd/-
(MIAN NAJEEB UD DIN AWAISI)
Chairman

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 15th July, 2021

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

to provide the identity, rehabilitation and employment to the unattended youth for their secure future and for matters connected therewith and incidental thereto;

Whereas it is expedient to rehabilitate the neglect segment of the society by providing employment as per their education, abilities and skills to make them a responsible citizen of the society;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement**.- (1) This Act may be called the Employment of the Unattended Youth Act, 2020.

(2) It extends to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions**.- (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "Act" means the Employment of the Unattended Youth Act, 2019;

(b) "council" means the Council established under section 4;

(c) establishment" means any Ministry, Division, attached department, subordinate office, executive department, public or private organization, firm, corporation, autonomous or semi-autonomous body, body corporate, enterprise, company, industry, factory or such other office or institution in which the number of workers employed at any time during a year is not less than two hundred;

(d) "funds" means funds established under section 11;

(e) "Government" means the Federal Government of Pakistan;

(f) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act;

(g) "shelter home" means a premise established or licensed by the

Government under any prevailing law to provide boarding and lodging and rehabilitation services to the unattended youth; and

(h) "unattended youth" means a person not above the age of twenty one years with unknown parentage, orphan, abandoned, neglected or homeless who is in the legal custody of any registered shelter home more than ten years at the age of sixteen years.

(2) All other words and expressions used but not defined in this Act shall have the same meaning as assigned to them in respective laws for the time being in force.

3. **Employment of the unattended youth**.- (1) For the purpose of the Act is to education and training of the unattended youth as per their abilities, skills. The Government shall ensure their ensure employment before their departure from the shelter home.

(2) The Government shall pay money to every individual of the unattended youth which shall not be below the minimum wage fixed by the Government from time to time:

Provided that the Government shall pay money only in the situation where Council remained to fail to offer an employment at the time of departure of any individual from the shelter home till his employment or the age of twenty-five years whichever is earlier:

Provided further that the Council shall specify the reasons for not arranging an employment to any individual of the unattended youth at the time of his departure from the shelter home, in his annual report.

4. **Establishment of the Council**.- (l) After the commencement of this Act, within six months, the Government shall establish a Council to be known as the Islamabad Capital Territory Unattended Youth Rehabilitation and Employment Council.

5. **Members of the Council**.- The Council shall consist on the following members, namely:-

(i) Minister-in-charge Patron

(ii) Secretary of the Division to which the subject of the youth stands allocated Chairperson

(iii) Secretary, Establishment Division or his nominee not below the ranks of BPS-21 Ex-officio Member

(iv) Secretary, Commerce Division or his nominee not below the ranks of BPS-21

Ex-officio Member

(v) Secretary, Textile Division or his nominee not below the ranks of BPS-21

Ex-officio Member

(vi) Secretary, Education Division or his nominee not below the ranks of BPS-21

Ex-officio Member

(vii) Chairman of the National Commission on the Rights of Child Ex-officio Member

(viii) Chairman of the National Vocational and Technical Training Commission

Ex-officio Member

(ix) President, Federation of Pakistan Chamber of Commerce and Industry Member

(x) Chairman, All Pakistan Textile Mills Association Member

(xi) Director General of the Council Secretary cum member

(2) The allowances payable and terms and conditions as applicable to members, other than ex-officio members, shall be such as may be prescribed.

(3) The quorum of the meeting shall be one fourth of the total members of the Council. Decision taken by majority of the members present and voting shall be construed as decision of the Council.

(4) The Council shall hold at least four meetings in a calendar year.

6. **Functions of the Council.**- Subject to the provisions of this Act, the Council shall perform all or any of the following function, namely:-

(a) to provide education including technical education and arrange diploma courses for enhancement of the knowledge and expertise as per their skills, abilities and interests;

(b) to maintain a database and make the policies for the safe and secure future;

(c) to examine and propose arrangements related to employment as it deems appropriate;

(d) to provide for education and scholarship in such branches of knowledge as it may deem fit;

(e) to develop and implement fund-raising plans;

(f) to promote the extra curriculum and recreational activities for unattended youth and to make arrangements for promoting their health and general welfare;

(g) to provide career counseling and job search services to unattended youth

(h) to examine and review any law or policy or practice for the time being in force for welfare of unattended youth and recommend measures for their effective implementation;

(i) to inquire into violation of unattended youth policy and recommend to the relevant agency or department initiation of proceedings in such cases;

(j) while inquiring into complaints of violation of rights of unattended youth, may call for information or report from the Government and in this regard the Council shall have the powers vested in a civil court under Code of Civil Procedure. 1908 (Act V of 1908) for enforcing the attendance of any person and compelling the production of documents; and

(k) to perform such other functions as assigned by the Government and as it may consider necessary for promotion and protection of unattended youth welfare and may other matter incidental to the above functions.

7. **Registration of unattended youth for employment.**- (1) The Director General of the Council shall register the name of the unattended youth desirous of being employed in such form and in such manner as may be prescribed by the Government and shall prepare a report of every individual on the basis of previous education training and aptitude and shall make a future employment plan for every individual when individual reached the age of sixteen years.

(2) The Council shall assess the report of the Director General and shall recommend further education and training for every individual in the area where the employment shall be offered to him on the day of his departure from the shelter home.

8. **Establishments to employ unattended youth.**-(1) One percent of the total number of persons employed by an establishment at any time shall be unattended youth whose names have been registered with the Council.

(2) An establishment which does not employ an unattended youth as required by shall pay into the funds each month the sum of money it would have paid as salary or wages to an unattended youth had he been employed.

9. **Delegation of functions.**- The Council or the chairperson may, by notification in the official Gazette, delegate its functions subject to such conditions as it or he may specify in this behalf to anybody or individual that is part of the Council.

10. **Appointment of the Director General**.- (1) Subject to the general control and per intendance of the Council, the Director General shall perform such functions and duties and exercise such power as may be necessary for carrying out the purposes of this Act.

(2) The Prime Minister or a person authorized by him in this behalf, shall appoint a Director General for carrying out the purposes of this Act on the terms and conditions as may be prescribed.

(3) The Director General shall perform supervisory functions of the Council in the prescribed manner.

11. **Annual report of the Council**.- The Council shall prepare annual report about the measures of the rehabilitation and employment and shall submit before both House of the Parliament.

12. **Funds**.- (1) There shall be established by the Government a fund to be known as the unattended youth rehabilitation and employment fund which shall vest in the Council and shall be used by the Council to meet charges in connectíon with its functions under this Act.

(2) The sources of the Fund, amongst other moneys, may be the following, namely:-

(a) such fund as the Government shall allocate each year as a non-lapsable grant in annual budget of the Fund;

(b) such voluntary donations, contributions or subscriptions as may be made by the Provincial Governments; and

(c) donations if any made by private individuals, national and international natural and juristic persons.

13. **Power to make rules**.- Within six months of the commencement of this Act, the Government may, in consultation with the Council and by notification in the official Gazette, make rules to carry out the purposes of this Act.

14. **Act not in derogation**.- The provisions of this Act shall be in addition to and not in derogation of any other law for the time being in force.

15. **Power to remove difficulties and doubts**.- If any difficulty or doubt arises in giving effect to the provision of this Act. Government may, by order in writing published in the official gazette, make such provision as may appear to it to be necessary for removing the difficulty or doubt:

Provided that no order shall be made under the section after expiry of a period of three years from the commencement of this Act.

STATEMENTS OF OBJECTIONS AND REASONS

It is the responsibility of the state to promote and empower the unattended youth according to their special competence in education, science, technology, culture, sport and other spheres as per their skills and abilities. The main focus of this legislation is physical, mental and spiritual development of unattended youth as per their ability and skill from their childhood that enable them to re-enter the community in a respectable way after departure from shelter home.

Unattended youth who spent more than ten years in any shelter home will be eligible to enjoy the rights vested under this Act. This legislation will change the lifestyle of the underprivileged and neglected section of the society.

Sd/-
Mr. James Iqbal,
Member, National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

بے سہارا نوجوانوں کو فراہمی روزگار بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت ۱۰ ارمارچ، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ بے سہارا نوجوانوں کے محفوظ مستقبل کے لئے انہیں شناخت، بحالی اور روزگار فراہم کرنے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کے لئے احکام وضع کرنے کے بل[بے سہارا نوجوانوں کو فراہمی روزگار بل، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	**میاں نجیب الدین اویسی**	**چیئرمین**
۲۔	جناب علی نواز اعوان	رکن
۳۔	جناب صداقت علی خان	رکن
۴۔	محترمہ جویریہ ظفر آہیر	رکن
۵۔	جناب عمر اسلم خان	رکن
۶۔	جناب محمد فاروق اعظم ملک	رکن
۷۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۸۔	محترمہ عندلیب عباس	رکن
۹۔	محترمہ غزالہ سیفی	رکن
۱۰۔	محترمہ اسماء قدیر	رکن
۱۱۔	محترمہ تاشفین صفدر	رکن
۱۲۔	بیگم فرخ خان	رکن
۱۳۔	محترمہ مہناز اکبر عزیز	رکن
۱۴۔	چوہدری محمد حامد حمید	رکن
۱۵۔	محترمہ کرن عمران ڈار	رکن
۱۶۔	محترمہ مسرت آصف خواجہ	رکن
۱۷۔	جناب عابد حسین بھائیو	رکن
۱۸۔	محترمہ مسرت رفیق مہیسر	رکن
۱۹۔	ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب شفقت محمود، وزیر برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت	رکن بالحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۱۱ر جنوری، ۲۰۲۱ء، یکم جولائی، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(میاں نجیب الدین اویسی)
چیئرمین

اسلام آباد، ۱۵ر جولائی، ۲۰۲۱ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

بے سہارا نوجوانوں کے محفوظ مستقبل کے لئے انہیں شناخت، بحالی اور روزگار فراہم کرنے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کے لئے احکام وضع کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ معاشرے کے نظر انداز کئے گئے طبقے کو ان کی تعلیم، صلاحیتوں اور مہارتوں کے مطابق روزگار فراہم کرتے ہوئے انہیں معاشرے کا ذمہ دار شخص بنانے کے لئے بحال کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔**(۱) ایکٹ ہذا بے سہارا نوجوانوں کو فراہمی روزگار ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ دارالحکومت اسلام آباد کی علاقائی حدود پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔**(۱) ایکٹ ہذا میں تاوقتیکہ کہ موضوع یا متن میں کوئی امر اس کے منافی نہ ہو،۔

(الف) "ایکٹ" سے مراد بے سہارا نوجوانوں کو فراہمی روزگار ایکٹ، ۲۰۱۹ء ہے؛

(ب) "کونسل" سے مراد دفعہ ۴ کے تحت قائم کردہ کونسل ہے؛

(ج) "ادارہ" سے مراد کوئی وزارت، ڈویژن، منسلک محکمہ، ماتحت دفتر، انتظامی محکمہ، سرکاری یا نجی تنظیم، فرم، کارپوریشن، خود مختار یا نیم خود مختار ادارہ، ہیئت جمیعہ، کاروباری ادارہ، کمپنی، صنعت، فیکٹری یا ایسا دیگر دفتر یا ادارہ ہے جس میں سال کے دوران کسی بھی وقت ملازم کارکنان کی تعداد دو سو سے کم نہ ہو؛

(د) "فنڈز" سے مراد دفعہ ۱۱ کے تحت قائم کردہ فنڈز ہیں؛

(ہ) "حکومت" سے مراد پاکستان کی وفاقی حکومت ہے؛

(و) "مقرر کردہ" سے مراد اس ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ قواعد کے ذریعے مقرر کردہ ہے؛

(ز) "پناہ گاہ" سے مراد بے سہارا نوجوانوں کو قیام و طعام اور بحالی کی سہولیات کی فراہمی کے لئے حکومت کی جانب سے کسی مروجہ قانون کے تحت قائم کردہ یا لائسنس یافتہ عمارت ہے؛ اور

(ح) "بے سہارا نوجوان" سے مراد وہ شخص ہے جس کی عمر ۲۱ سال سے زائد نہ ہو، جس کے والدین نامعلوم ہوں، یتیم، لاوارث، نظر انداز کیا گیا یا بے گھر ہو جو سولہ سال کی عمر میں دس سال سے زائد عرصہ سے کسی رجسٹرڈ پناہ گاہ کی قانونی تحویل میں ہو۔

(۲) تمام دیگر الفاظ اور اظہار جو استعمال کئے گئے ہیں لیکن ایکٹ ہذا میں بیان نہیں کئے گئے، ان کا وہی مفہوم ہو گا جو فی الوقت نافذ العمل متعلقہ قوانین میں انہیں دیا گیا ہے۔

۳۔ **بے سہارا نوجوانوں کو فراہمی روزگار۔** (۱) ایکٹ ہذا کا مقصد بے سہارا نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں اور مہارتوں کے مطابق تعلیم و تربیت فراہم کرنا ہے۔ پناہ گاہ چھوڑنے سے پہلے حکومت ان کو ملازمت کی فراہمی یقینی بنائے گی۔

(۲) حکومت ہر بے سہارا نوجوان فرد کو رقم ادا کرے گی جو حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ کم از کم اجرت سے کم نہیں ہو گی:

مگر شرط یہ ہے کہ حکومت صرف اس صورتحال میں کہ جب کونسل کسی فرد کے پناہ گاہ چھوڑنے کے موقع پر اسے روزگار کی فراہمی میں ناکام رہے اس کو روزگار ملنے تک یا ۲۵ سال کی عمر کو پہنچنے تک جو بھی پہلے ہو، رقم کی ادائیگی کرے گی۔

مزید شرط یہ ہے کہ کونسل اپنی سالانہ رپورٹ میں بے سہارا نوجوان کسی فرد کے پناہ گاہ چھوڑنے کے موقع پر روزگار فراہم نہ کرنے کی وجوہات کی وضاحت کرے گی۔

۴۔ **کونسل کا قیام۔** (۱) حکومت، ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کے بعد، چھ ماہ کے اندر، ایک کونسل قائم کرے گی جو دارالحکومت اسلام آباد کی علاقائی حدود میں بے سہارا نوجوانوں کی بحالی اور فراہمی روزگار کی کونسل کے نام سے موسوم ہو گی۔

۵۔ **اراکین کونسل۔** کونسل حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہو گی یعنی:۔

(i) وزیر انچارج	سرپرست
(ii) ڈویژن کا سیکرٹری جسے نوجوانوں کے موضوع سونپا گیا ہو۔	چیئرپرسن
(iii) سیکرٹری، عملہ ڈویژن یا اس کا نامزد کردہ فرد جو بی پی ایس۔۲۱ سے کم کے عہدے کا نہ ہو۔	رکن بلحاظ عہدہ
(iv) سیکرٹری، تجارت ڈویژن یا اس کا نامزد کردہ فرد جو بی پی ایس۔۲۱ سے کم کے عہدے کا نہ ہو۔	رکن بلحاظ عہدہ
(v) سیکرٹری، ٹیکسٹائل ڈویژن یا اس کا نامزد کردہ جو بی پی ایس۔۲۱ سے کم کے عہدے کا نہ ہو۔	رکن بلحاظ عہدہ
(vi) سیکرٹری، تعلیم ڈویژن یا اس کا نامزد کردہ فرد جو بی پی ایس۔۲۱ سے کم کے عہدے کا نہ ہو۔	رکن بلحاظ عہدہ
(vii) چیئرمین، نیشنل کمیشن برائے حقوق بچگان	رکن بلحاظ عہدہ
(viii) چیئرمین، نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن	رکن بلحاظ عہدہ
(ix) صدر، فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری	رکن
(x) چیئرمین، آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن	رکن
(xi) ڈائریکٹر جنرل، کونسل	سیکرٹری مع رکن

(۲) قابل ادائیگی الاؤنسز اور شرائط و قیود جو اراکین بلحاظ عہدہ کے علاوہ اراکین پر قابل اطلاق ہوں گی ایسی ہی ہوں گی جو کہ مقرر کی جائیں۔

(۳) اجلاس کا کورم کونسل کے کل اراکین کے ایک چوتھائی پر مشتمل ہوگا۔ موجودہ اور رائے دہندہ اراکین کی اکثریت سے کیا گیا فیصلہ کونسل کا فیصلہ متصور ہوگا۔

(۴) کونسل ایک تقویمی سال میں کم از کم چار اجلاس منعقد کرے گی۔

۶۔ **کونسل کے کارہائے منصبی۔** ایکٹ ہذا کی تصریحات کے تابع، کونسل حسب ذیل تمام یا کوئی کارہائے منصبی انجام دے گی، یعنی:۔

(الف) تعلیم بشمول فنی تعلیم فراہم کرنا اور ان کی مہارتوں، صلاحیتوں اور دلچسپی کے مطابق علم اور مہارت میں اضافہ کے لئے ڈپلومہ کورسز کا انتظام کرنا؛

(ب) اعداد و شمار برقرار رکھنا اور محتاط اور محفوظ مستقبل کے لئے پالیسیاں تشکیل دینا؛

(ج) روزگار سے متعلق انتظامات کا جائزہ لینا اور مزید انتظامات تجویز کرنا جیسا کہ وہ موزوں خیال کرے؛

(د) علم کے ایسے شعبوں میں تعلیم اور وظائف فراہم کرنا جیسا کہ وہ موزوں خیال کرے؛

(ہ) فنڈ اکٹھا کرنے کی بابت منصوبے تیار کرنا اور ان پر عملدرآمد کرنا؛

(و) بے سہارا نوجوانوں کے لئے غیر نصابی اور تفریحی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور ان کی صحت کی بہتری اور عمومی فلاح و بہبود کے لئے انتظامات کرنا؛

(ز) بے سہارا نوجوانوں کو کیریئر سے متعلق مشاورت اور ملازمت کی تلاش کے لئے خدمات فراہم کرنا؛

(ح) بے سہارا نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لئے فی الوقت نافذ العمل کسی قانون یا پالیسی یا طریقہ کار کا جائزہ لینا اور اس پر نظر ثانی کرنا اور ان پر مؤثر انداز سے عملدرآمد کے لئے اقدامات تجویز کرنا؛

(ط) بے سہارا نوجوانوں کی بابت پالیسی کی خلاف ورزی کی تحقیقات کرنا اور ایسے معاملات میں کارروائی کئے جانے کے لئے متعلقہ ایجنسی یا محکمے کو سفارش کرنا؛

(ی) بے سہارا نوجوانوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی شکایات کی تحقیقات کرتے وقت حکومت سے معلومات اور رپورٹ طلب کرنا اور اس ضمن میں کسی بھی فرد کی حاضری اور دستاویزات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے کونسل کو مجموعہ ضابطہ دیوانی، ۱۹۰۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۰۸ء) کے تحت دیوانی عدالت کے اختیارات حاصل ہوں گے؛ نیز

(ک) ایسے دیگر کارہائے منصبی انجام دینا جو حکومت کی جانب سے تفویض کئے جائیں اور جنہیں وہ بے سہارا نوجوانوں کی فلاح و بہبود میں بہتری اور تحفظ اور بالا کارہائے منصبی کے ضمنی کسی دیگر معاملے کے لئے ضروری سمجھے۔

۷۔ **فراہمی روز گار کے لئے بے سہارا نوجوانوں کی رجسٹریشن۔۔** (۱) کونسل کا ڈائریکٹر جنرل ایسی صورت اور ایسے انداز جیسا کہ حکومت تجویز کرے، میں ملازمت پر رکھے جانے کے خواہشمند بے سہارا نوجوانوں کے نام درج کرے گا اور ہر فرد کے لئے سابقہ تعلیم، تربیت اور قابلیت کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کرے گا اور ہر فرد جب وہ سولہ سال کی عمر کو پہنچے، کے لئے مستقبل میں ملازمت کا منصوبہ بنائے گا۔

(۲) کونسل، ڈائریکٹر جنرل کی رپورٹ کا جائزہ لے گی اور اس علاقہ میں ہر فرد کے لئے مزید تعلیم اور تربیت کی سفارش کرے گی پناہ گاہ جہاں اسے چھوڑنے کے دن ملازمت کی پیش کش کی جائے گی۔

۸۔ **ادارے بے سہارا نوجوانوں کو روز گار فراہم کریں گے۔۔** (۱) کسی بھی وقت کسی ادارہ کی جانب سے ملازمت پر رکھے گئے افراد کی کل تعداد کا ایک فیصد بے سہارا نوجوانوں جن کے نام کونسل میں درج ہوں، پر مشتمل ہو گا۔

(۲) کوئی ادارہ جو مقتضیات کے مطابق بے سہارا نوجوانوں کو ملازمت پر نہیں رکھتا، تو وہ ہر ماہ فنڈز میں اتنی رقم جمع کروائے گا جتنی اس نے کسی بے سہارا نوجوان کو ملازمت پر رکھنے کے بعد تنخواہ یا اجرت کے طور پر ادا کی ہوتی۔

۹۔ **کارہائے منصبی کی تفویض۔۔** کونسل یا صدر نشین، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے اپنے کارہائے منصبی ایسی شرائط کے تابع جو وہ کونسل یا صدر نشین اس ضمن میں صراحت کرے، کسی بھی فرد کو جو کونسل کا حصہ ہو، تفویض کر سکتا ہے۔

۱۰۔ **ڈائریکٹر جنرل کی تقرری۔۔** (۱) عمومی انتظام کے تابع اور کونسل کی نگرانی کے تحت، ڈائریکٹر جنرل ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کے لئے ایسے کارہائے منصبی اور فرائض انجام دے گا اور ایسے اختیارات استعمال کرے گا جیسا کہ ضروری ہو۔

(۲) وزیر اعظم یا اس ضمن میں اس کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا کوئی فرد مقرر کردہ قیود و شرائط پر ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کے لئے ایک ڈائریکٹر جنرل کا تقرر کرے گا۔

(۳) ڈائریکٹر جنرل مقررہ انداز میں کونسل کی نگرانی سے متعلق کارہائے منصبی انجام دے گا۔

۱۱۔ **کونسل کی سالانہ رپورٹ۔۔** کونسل بحالی اور ملازمت کے اقدامات سے متعلق سالانہ رپورٹ تیار کرے گی اور پارلیمان کے دونوں ایوانوں کے سامنے پیش کرے گی۔

۱۲۔ **فنڈز۔۔** (۱) حکومت کی جانب سے ایک فنڈ قائم کیا جائے گا جو بے سہارا نوجوانوں کی بحالی و فراہمی روز گار فنڈ کے نام سے موسوم ہو گا جو کونسل کے اختیار میں ہو گا اور ایکٹ ہذا کے تحت اس کے کارہائے منصبی کے ضمن میں اخراجات پورے کرنے کے لئے اسے کونسل کی جانب سے استعمال کیا جائے گا۔

(۲) منجملہ دیگر رقوم، فنڈز کے ماخذ حسب ذیل ہوں گے، یعنی:۔

(الف) ایسی رقم جو کہ حکومت فنڈ کے سالانہ بجٹ میں ناقابل سوخت زر امداد کے طور پر ہر سال مختص کرے گی؛

(ب) ایسے رضاکارانہ عطیات، امداد یا چندہ جو کہ صوبائی حکومتوں کی جانب سے دیئے جائیں؛ نیز

(ج) عطیات، اگر کوئی ہوں، جو نجی افراد، قومی اور بین الاقوامی حقیقی اور قانونی افراد کی جانب سے دیئے جائیں۔

۱۳۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔۔** ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کے چھ ماہ کے اندر، حکومت کونسل کے ساتھ مشاورت کر کے اور سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کے لئے قواعد وضع کرے گی۔

۱۴۔ **ایکٹ کی نوعیت تخفیفی نہ ہو گی۔۔** ایکٹ ہذا کی تصریحات فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون کی میں اضافہ ہوں گی اور تخفیف میں نہ ہوں گی۔

۱۵۔ **مشکلات اور شکوک کے ازالے کا اختیار۔۔** ایکٹ ہذا کی تصریحات کو مؤثر بہ عمل بنانے میں کوئی مشکل یا شک پیدا ہونے کی صورت میں، حکومت سرکاری جریدے میں شائع کردہ تحریری حکم کے ذریعے، ایسی تصریحات وضع کر سکتی ہے جو اس مشکل یا شک کو دور کرنے کے لئے اسے ضروری معلوم ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ سے تین سال کے عرصے کے اختتام کے بعد اس دفعہ کے تحت کوئی حکم صادر نہیں کیا جائے گا۔

بیان اغراض ووجوہ

یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ بے سہارا نوجوانوں کو تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی، ثقافت، کھیل اور دیگر شعبہ جات میں ان کی مہارتوں اور صلاحیتوں کے مطابق ان کی حوصلہ افزائی کرے اور انہیں بااختیار بنائے۔ اس قانون سازی میں مرکزی توجہ بے سہارا نوجوانوں کے بچپن سے ان کی صلاحیتوں اور مہارتوں کے مطابق ان کی جسمانی، ذہنی اور روحانی بالیدگی کو دی گئی ہے تاکہ وہ پناہ گاہوں سے رخصت ہونے کے بعد ایک باعزت طریقے سے معاشرے میں دوبارہ شامل ہو سکیں۔

بے سہارا نوجوان جس نے کسی پناہ گاہ میں دس سال سے زائد کا عرصہ گزارا ہو، وہ ایکٹ ہذا کے تحت تفویض کردہ حقوق سے استفادہ کرنے کا اہل ہو گا۔ یہ قانون سازی معاشرے کے پسماندہ اور نظر انداز کردہ طبقے کی طرز زندگی کو تبدیل کر دے گی۔

دستخط/۔

جناب جیمز اقبال

رکن انچارج